# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ مطالعہ پاکستان)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ پاکستان (202) — سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا2)

سوال نمبر 1: صحیح کا انتخاب کر کے جملے مکمل کریں۔ (10)

1۔ تیتو میر نے ____________ کے علاقے میں مسلمانوں کے اصلاح کے لیے جدوجہد کی تھی۔
( سندھ، پنجاب، بنگال )

2۔ شاہ ولی اللہ نے قرآن پاک کا ________ زبان میں ترجمہ کیا۔ ( اردو، فارسی )

3۔ اسلام کی آمد سے قبل ________ ہندوؤں کی علمی زبان تھی۔ ( ہندی، سنسکرت )

4۔ علامہ اقبال نے ____________ کو برصغیر کے مسلمانوں کے لیے روحانی محافظ کا خطاب دیا۔
( شاہ ولی اللہ، مجدد الف ثانی )

5۔ برصغیر میں مسلمانوں کی آمد سے قبل ____________ بت پرستی کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ ( سومنات، ملتان )

6۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے مغل بادشاہ ____________ کے دور میں برصغیر میں تجارتی کوٹھیاں قائم کیں۔ ( بابر، اکبر )

7۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی نے برصغیر میں __________ سلسلے کی بنیاد رکھی۔ ( سہروردی، چشتیہ )

8۔ برصغیر میں اسلام کا پہلا مرکز __________ میں قائم ہوا۔ ( ملتان، مالابار )

9۔ 1908ء میں مسلم لیگ کی شاخ لندن میں قائم کی گئی جس کے صدر __________ مقرر ہوئے۔ ( سر آغا خان، سید امیر علی )

10۔ آل انڈیا نیشنل کانگریس __________ نے قائم کی تھی۔ ( گاندھی، لارڈ ہیوم )

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (32)

1- علی گڑھ تحریک کا علمی اور سیاسی پہلو۔

-2 شاہ ولی اللہ کی خدمات۔

-3 1857ء کی جنگ آزادی کے معاشرتی و معاشی اسباب۔

-4 تقسیم بنگال۔

سوال نمبر 3: 1857ء کی جنگ آزادی کی ناکامی کے نتیجے میں برصغیر کے مسلمانوں کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟ بحث کریں۔ (8)

سوال نمبر 4: حضرت مجدد الف ثانی نے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے کیا خدمات سرانجام دیں؟ تفصیلی جواب تحریر کریں۔ (8)

سوال نمبر 5: برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ کس طرح ہوا؟ نیز زوال کے اسباب کا جائزہ لیں۔ (12)

سوال نمبر 6: اسلام کی آمد سے قبل برصغیر مذہبی، معاشی اور معاشرتی طور پر کن حالات کا شکار تھا؟ مفصل جواب تحریر کریں۔ (12)

سوال نمبر 7: مسلمانان برصغیر کے دل میں مسلم لیگ بنانے کا خیال کیوں آیا؟ نیز اس جماعت کے ابتدائی اغراض و مقاصد بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 8: 1857ء کی جنگ آزادی کیوں ناکام ہوئی؟ ناکامی کے اسباب کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (8)

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 3 تا 4)

سوال نمبر 1: صحیح جواب کا انتخاب کرکے جملے مکمل کریں۔ (10)

1۔ قائداعظم محمد علی جناح نے اپنے چودہ نکات میں صوبہ سندھ اور ______ صوبے میں اصلاحات کا مطالبہ کیا تھا۔

(پنجاب، بلوچستان)

2۔ کانگریسی وزارتوں کے مستعفی ہونے پر مسلمانوں نے ______ منایا تھا۔ (یوم سیاہ، یوم نجات)

3۔ شاہراہ ریشم کی تعمیر کے بعد پاکستان اور ______ کے مابین تجارت کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ (چین، ایران)

4۔ ______ جنگ عظیم سن 1939ء میں شروع ہوئی۔ (پہلی، دوسری)

5۔ دوسری جنگ عظیم میں جاپان نے ______ کا ساتھ دیا۔ (جرمنی، اتحادیوں)

6۔ ______ میں صوبوں کو دس سال تک یونین آف انڈیا میں شامل رہنے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔ (کرپس مشن، کیبنٹ مشن)

7۔ 1945-46 کے عام انتخابات میں مسلم لیگ نے مرکزی اسمبلی کی ______ مسلم نشستیں جیت لیں۔ (تمام، آدھی)

8۔ علیحدہ مسلم ریاست کا مطالبہ پہلی دفعہ باضابطہ طور پر ______ میں کیا گیا۔ (قرارداد لاہور، خطبہ الہ آباد)

9۔ 23 مارچ 1940ء کو مسلم لیگ کے سالانہ جلسے میں پاکستان کی قرارداد ______ نے پیش کی۔ (قائداعظم، مولوی فضل الحق)

10۔ 1946ء کی عبوری حکومت میں مسلم لیگ کے ______ ارکان شامل ہوئے تھے۔ (پانچ، سات)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (32)

1۔ کانگریسی وزارتوں کا دور حکومت۔

2۔ تحریک خلافت اور ہجرت تحریک

3۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان کے معاشی و انتظامی مسائل۔

4۔ 3 جون کے منصوبے کے تحت برصغیر کی تقسیم۔

سوال نمبر 3: ان حالات اور واقعات کا تفصیلی جائزہ پیش کریں جن کی وجہ سے برصغیر کے مسلمانوں نے قیام پاکستان کا مطالبہ پیش کیا؟ (10)

سوال نمبر 4: برطانوی حکومت نے سر سٹیفورڈ کرپس کو کس مقصد کے تحت ہندوستان بھیجا تھا؟ نیز یہ بتائیں کہ ان تجاویز پر کانگریس اور مسلم لیگ نے کس قسم کا ردِعمل ظاہر کیا؟ (10)

سوال نمبر 5: ہندوستان کی تقسیم کے بعد پاکستان کی نئی حکومت کو نہری پانی کی تقسیم اور ریاستوں کے الحاق کے سلسلے میں کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟ (12)

سوال نمبر 6: نہرو رپورٹ کی روشنی میں قائداعظم کے چودہ نکات کا جائزہ پیش کریں۔ (10)

سوال نمبر 7: قراردادِ مقاصد کی اہمیت بیان کریں۔ اس قرارداد کے اہم نکات کا جائزہ پیش کریں۔ (10)

سوال نمبر 8: میثاقِ لکھنؤ کی رو سے ہندو اور مسلمان کن نکات پر متفق ہوئے تھے؟ (6)

## امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ: 5,6,7)

کل نمبر: 100

سوال نمبر 1: صحیح جواب کا انتخاب کر کے جملے مکمل کریں۔ (10)

1۔ 1973ء کے آئین میں آٹھویں ترمیم کے ذریعے __________ کے اختیارات کو کم کر دیا گیا تھا۔ (صدر۔وزیراعظم)

2۔ پاکستان میں پہلا ایٹمی بجلی گھر ______ کے مقام پر تعمیر کیا گیا ہے۔ (کراچی۔چشمہ)

3۔ کوہ ______ کی چٹانوں کو کاٹ کر شاہراہ ریشم تعمیر کی گئی ہے۔ (قراقرم۔ہمالیہ)

4۔ تحریک بحالی جمہوریت __________ کے خلاف سب سے بڑی عوامی تحریک تھی۔ (ایوب خان۔ضیاالحق)

5۔ چونے کا پتھر __________ بنانے کے کام آتا ہے۔ (سیمنٹ۔کھاد)

6۔ تمباکو کی کاشت صوبہ __________ میں بڑے پیمانے پر ہوتی ہے۔ (سرحد۔بلوچستان)

7۔ پاکستان میں __________ فی صد زمین نہروں کے ذریعے سیراب ہوتی ہے۔ (30۔70)

8۔ پاکستان اپنی توانائی کی ضرورت کا تقریباً 35% __________ سے پورا کرتا ہے۔ (قدرتی گیس۔تیل)

9۔ جو بجلی، کوئلے، تیل یا گیس کی مدد سے پیدا کی جاتی ہے اُسے برقابی __________ کہا جاتا ہے۔ (ہائیڈرل۔تھرمل)

10۔ پاکستان میں بنیادی جمہوریتوں کا نظام __________ کے آئین کے تحت رائج کیا گیا تھا۔ (1973ء۔1962)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (32)

1۔ زرعی اصلاحات

2۔ سیلاب اور آندھیوں کے نقصانات

3۔ 1956ء کا آئین

4۔ سندھ طاس کا معاہدہ

سوال نمبر 3: آب و ہوا اور موسمی تغیرات انسانی زندگی پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ (8)

سوال نمبر 4: ہمارے ملک میں جنگلات کی کمی کی کیا وجوہات ہیں؟ نیز بتائیں کہ جنگلات کی ترقی سے ہمیں کیا فائدہ ہو سکتا ہے؟ (8)

سوال نمبر 5: پاکستان میں زراعت کا شعبہ کن مسائل کا شکار ہے؟ ان مسائل کو دور کرنے کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟ (11)

سوال نمبر 6: پاکستان میں پائے جانے والے وسائلِ قوت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 7: 1973ء کے آئین کے تحت صوبائی حکومتوں کو انتظام چلانے کے لیے کیا اختیارات سونپے گئے ہیں؟ (11)

سوال نمبر 8: آئین سے کیا مراد ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ قرار داد مقاصد میں آئین سازی کے لیے کیا اصول طے کیے گئے ہیں؟ (10)

## امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ: 8,9,10)

کل نمبر: 100

سوال نمبر 1: خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں (10)

1۔ پاکستان میں ________ کپڑے کے زیادہ تر کارخانے کراچی اور فیصل آباد میں کام کر رہے ہیں۔ (سوتی، ریشمی، اونی)

2۔ سن ________ میں حکومت نے دس بڑی صنعتوں کو قومی تحویل میں لے لیا تھا۔ (1970۔1971۔1972)

3۔ پاکستان میں ________ کے مقام پر ہوائی جہازوں کی تعمیر و مرمت کے کارخانے تعمیر کیے گئے ہیں۔ (اٹک، کراچی، کامرہ)

4۔ بیرونی تجارت میں ادائیگی اور وصولی کے لیے جو رقم استعمال ہوتی ہے اسے ________ کہا جاتا ہے (زرمبادلہ، ڈالر، پاؤنڈ)

5۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان کی آبادی آئندہ ________ سالوں میں دوگنی ہو جائے گی۔ (تین، دس، بیس)

6۔ انڈس سپر ہائی وے کی تکمیل کے بعد کراچی اور پشاور کے درمیان ________ کلومیٹر کا فاصلہ کم ہو جائے گا۔ (834 -322)

7۔ ________ کے ذریعے اوسطاً 15 کروڑ افراد ایک جگہ سے دوسری جگہ آتے جاتے ہیں۔ (جہازوں، بسوں، ریلوے)

8۔ سندھ میں ہالا اور کشمور ________ برتن بنانے کی وجہ سے مشہور ہیں۔ (چینی کے ۔ روغنی)

9۔ پاکستان میں ________ فی صد لوگ زراعت سے منسلک ہیں۔ (60-72-80)

10۔ پاکستان کی زیادہ تر درآمدی ضروریات ________ کے ذریعے پوری ہوتی ہیں۔ (کراچی بندرگاہ ۔ پورٹ قاسم ۔ گیٹی بندر)

سوال نمبر 2: مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (35)

1۔ تجارت اور اس کی اقسام

2۔ پاکستان میں خوراک کی کمی کے اسباب

3۔ قومی یکجہتی

4۔ پاکستان کی بھاری صنعتیں

5۔ افراطِ آبادی کا مسئلہ

سوال نمبر 3: کسی ملک کی ترقی میں تعلیم کی کیا اہمیت اور مقصد ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ ہمارے ملک میں تعلیم کے شعبے کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے؟ ان مسائل کو کس طریقوں سے حل کیا جا سکتا ہے تفصیل سے لکھیں۔ (15)

سوال نمبر 4: پاکستان میں دیہات سے شہروں کی طرف نقل مکانی کن وجوہات کی بنا پر ہو رہی ہے؟ اس نقل مکانی کے باعث کیا مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ نیز یہ بتائیں کہ اس نقل مکانی کو کس طریقے سے روکا جا سکتا ہے؟ (15)

سوال نمبر 5: فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟ ایک فلاحی ریاست کے کیا کیا فرائض ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 6: کسی ملک کی معاشی ترقی میں ذرائع نقل و حمل کی کیا اہمیت ہے؟ نیز پاکستان میں موجود سڑکوں کی صورتحال کے بارے میں بحث کریں۔ (15)